# بینک دولت پاکستان

## اطلاع عام برائے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس

بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962ء کی شق 31 کے تحت رکھے گئے بے دعویٰ ڈپازٹس

پاکستانی کرنسی یا کسی دیگر غیر ملکی کرنسی میں کوئی واجب الادا رقم جو کسی ڈپازٹ کی بنا پر ایک بینکنگ کمپنی کی جانب سے واجب الادا ہو جو بینکنگ کمپنی کی برانچ میں کسی نابالغ یا حکومت یا عدالت کے نام ڈپازٹ نہیں جس کے ضمن میں گذشتہ دس برسوں کی مدت کے دوران نہ تو کوئی معاملت کی گئی ہے اور نہ ہی قرض خواہ کی جانب سے کسی اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی درخواست کی گئی ہے یا اکناج کیا گیا ہے، اسے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس تصور کیا جائے گا۔ ان میں ڈیمانڈ ڈپازٹ اور ٹائم ڈپازٹ، پے آرڈرز، ڈیمانڈ ڈرافٹس وغیرہ شامل ہیں۔

بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں نے 31 دسمبر 2011ء تک کے اپنے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس بینک دولت پاکستان کے حوالے کر دیے ہیں۔ بینک دولت پاکستان عوام الناس کے فائدے کے لیے بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کی جانب سے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس کے بارے میں فراہم کردہ معلومات تک مسلسل رسائی کی سہولت دے رہا ہے۔ 2011ء کے غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس کی فہرست مندرجہ ذیل مقامات سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

1۔ بینک دولت پاکستان کی ویب سائٹ (www.sbp.org.pk)۔

2۔ کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، اسلام آباد، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان، سیالکوٹ، بھاولپور، گجرانوالہ، حیدرآباد، سکھر، ڈیرہ اسماعیل خان اور مظفرآباد میں واقع ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے دفاتر۔

3۔ بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کی تمام شاخیں بشمول ہیڈ آفسز۔

4۔ متعلقہ بینکوں/ترقیاتی مالی اداروں کی ویب سائٹس، اگر موجود ہیں۔

تمام دعویدار اُس بینک برانچ میں رقم کی واپسی کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جہاں ڈپازٹ اکاؤنٹ کھولا گیا تھا یا انسٹرومنٹ واجب الادا تھا۔ اگر وہ برانچ بند/منتقل ہوگئی ہے تو اسی بینک کی قریب ترین برانچ سے رقم کی واپسی کے لیے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ اس فہرست کو عوام الناس کے لیے جاری کرنے کی تاریخ سے ایک سال بعد تمام غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس/انسٹرومنٹس دعوے کے حقدار نہیں رہیں گے اور حکومت کو منتقل کر دیے جائیں گے۔

مزید تفصیلات کے لیے براہ کرم رابطہ کیجیے۔


سید عمران علی

سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر

**شعبہ تحفظ صارف**

**بینک دولت پاکستان، کراچی**

فون: 99212475/32453592(021)، فیکس: 99218160/99218154(021)